**GP PATIENT SURVEY** **NHS**

رسائی کوڈ: **9N67-MYQK-FPSB**

1 جنوری 2025

## آپ کا NHS کی مدد کرنے کا موقع

میں آپ سے GP Patient Survey 2025 میں حصہ لینے کے لیے تحریری رابطہ کر رہا ہوں۔ یہ سروے NHS کی جانب سے Ipsos منعقد کر رہی ہے۔ ہر سال، تقریباً 1 ملین لوگ سروے میں حصہ لے کر ہماری مدد کرتے ہیں۔

## اپنے مقامی علاقے میں GP اور دیگر سروسز کو بہتر بنانے میں ہماری مدد کریں

اس سروے میں آپ کی GP پریکٹس اور دیگر مقامی NHS سروسز کے حوالے سے آپ کے تجربات کے بارے میں پوچھا جا رہا ہے اور اس میں آپ اور آپ کی عمومی صحت کے بارے میں سوالات شامل ہیں۔ NHS آپ کے جوابات کو مریضوں اور عوام کے تجربے کو بہتر طور پر سمجھنے اور آپ کی صحت کی مقامی سروسز کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرے گا۔ اگر آپ حال ہی میں اپنی GP پریکٹس میں نہ بھی گئے ہوں یا اگر آپ نے پہلے بھی اس طرح کے کسی سروے میں حصہ لیا ہو، تو پھر بھی ہمیں اپنے تجربات کے بارے میں بتانا اہم ہے۔

براہ کرم دو آسان مراحل میں آن لائن طور پر حصہ لیں۔ آپ کا اس طریقے سے حصہ لینا NHSکے لیے سستا ہوتا ہے۔



1. ملاحظہ کریں: www.gpsurvey.net/login
2. حصہ لینے کے لیے کوڈ 9N67-MYQK-FPSB درج کریں

آپ کے حصہ لینے میں **15 منٹ سے بھی کم وقت** لگے گا۔

**آپ جلد از جلد حصہ لے کر NHS کو رقم کی بچت کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔** اس طرح ہمیں آپ کو کوئی یاد دہانی بھیجنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

## آپ کی معلومات کو رازداری میں رکھا جائے گا۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں یا سروے میں حصہ لینے میں مدد کی ضرورت ہو، تو **www.gp-patient.co.uk** پر ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ یا آپ Ipsos کو**فری فون 9149 819 0800** پر فون بھی کر سکتے ہیں ۔

مقامی NHS خدمات کی مدد کے لیے اپنا کچھ وقت دینے پر آپ کا بہت بہت شکریہ۔

انتہائی خلوص کے ساتھ

Neil Churchill
ڈائریکٹر برائے مریض تجربہ
NHS England